© rasailojaraid.com



**دُنیا میں مُسلم اقلیتیں ۲ حصّے**

از جناب ثروت صولت، بہ اہتمام ادارہ معارف اسلامی، کراچی۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔

تقسیم کنندگان: المنارہ بک ڈپو، منصورہ، لاہور۔ پوسٹل کوڈ نمبر ۵۴۵۷۰۔ سفید کاغذ، اچھی طباعت، تزئین کردہ سرورق، دبیز آرٹ پیپر، صفحات حصّہ اوّل ۴۲۴، قیمت: ۷۵/- روپے۔ حصّہ دوم صفحات ۳۸۴، قیمت: ۷۲/- روپے۔

ثروت صولت صاحب بہ حیثیت مصنّف و مترجم ہمارے دوستوں میں بڑی قابلِ قدر شخصیّت ہیں، اور ان سے کام لینا اور ان کے تیار کردہ مسودوں کو بروقت سامنے لانا اور ان کی قدر افزائی کرنا ہمارے لیے لازم ہیں۔ خصوصاً ترکی زبان کے لحاظ سے تو وہ خاص اہمیّت رکھتے ہیں۔

اس کتاب میں ثروت صولت صاحب نے بہت سے مطالعہ و کاوش کے بعد ۱۰۴ ممالک کی مسلم اقلیتوں کے احوال لکھے ہیں۔ ۳۶ ممالک ایسے ہیں جن میں مسلمانوں کی اکثریت بھی ہے اور وہ آزاد بھی ہیں۔ دوسری طرف فلسطین اور اشتراکی دُنیا کے دس مُسلم اکثریتی علاقوں کو باوجود ان کی آزادی سے محرومی کے شامل کیا جائے تو تعداد ۴۷ ہو جاتی ہے۔ جناب مؤلف ان ممالک کے مسلمانوں کے حالات ملتِ اسلامیہ کی مختصر تاریخ میں پیش کر چکے ہیں۔

ایک سو سے زائد ممالک میں مسلمان اقلیتی مقام پر ہیں، مگر بعض جگہ وہ بہت بڑی اقلیت کی حیثیت رکھتے ہیں۔ بعض ممالک میں متوسط اور بعض میں بہت چھوٹی اقلیت کے مرتبے پر ہیں۔

مسلم اقلیت کے سارے ملکوں میں مسلمانوں کی تعداد اور ان کی شخصیتوں اور تحریکوں اور علمی، تعلیمی یا سیاسی سرگرمیوں اور آفت رسیدگیوں کا بیان مختصر تاریخی روداد کی صورت میں پیش کیا ہے۔ تمام ضروری اعداد و شمار موجود ہیں۔ یورپ اور بعض دوسرے علاقوں میں جہاں اسلام کا پھیلاؤ کچھ عرصے سے شروع ہوا ہے اور بعض جگہ تعداد میں بہت بڑھ گئی ہیں۔ (مثلاً امریکہ میں ۶۰ لاکھ مسلم ہیں) وہاں مسجدوں اور اسلامی سنٹروں

© rasailojaraid.com